## ایم کیوایم کے رہنماؤں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنا حکومت کی آئینی وقانونی ذمہ داری ہے، رابطہ کمیٹی

## ڈاکٹر فاروق ستار، سید مصطفیٰ کمال، بابر غوری، حیدر عباس رضوی اور فیصل سبزواری کی جان کو خطرے کی اطلاعات پر اظہار تشویش

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وزارت داخلہ اور ذرائع ابلاغ کے ذریعہ موصول ہونے والی ان اطلاعات کہ ایم کیوایم کے رہنماؤں کی جان کو شدید خطرہ ہے، پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ایم کیوایم کے رہنماؤں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے ایم کیوایم کے رہنماؤں کو فون کر کے مطلع کیا ہے کہ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، وفاقی وزیر سینیٹر بابر خان غوری، قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی اور حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری کی زندگیوں کو شدید خطرہ ہے لہٰذا انہیں بہت احتیاط کیلئے کہا جائے۔اسی طرح آج مختلف ٹی وی چینلز کی جانب سے بھی بریکنگ نیوز نشر کی گئی ہے کہ ایم کیوایم کے رہنماء ڈاکٹر فاروق ستار، سید مصطفیٰ کمال، بابر خان غوری، حیدر عباس رضوی اور فیصل سبزواری کی جان کو شدید خطرہ لاحق ہے۔رابطہ کمیٹی نے ان اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے رہنماؤں کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنا حکومت کی آئینی وقانونی ذمہ داری ہے اور حکومت کو چاہئے کہ وہ ایم کیوایم کے رہنماؤں کو سیکوریٹی فراہم کرے۔رابطہ کمیٹی نے حکومت خصوصاً وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے رہنماؤں کی زندگیوں کو لاحق خطرے کی اطلاعات کا فوری نوٹس لیا جائے اور ان کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔

☆☆☆☆☆